| مضمون: | اردو | جماعت: | نرسری | موضوع: | حرف ’م‘ | دن: | پہلا |
| --- | --- | --- | --- | --- | --- | --- | --- |

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
| --- | --- | --- | --- | --- |
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ۔<br>حرف ’م‘ کا درست تلفظ پہچان سکیں۔<br>درست ساخت بناوٹ سے ’م‘ لکھ سکیں۔<br>حرف ’م‘ سے شروع ہونے والے الفاظ پہچان سکیں۔<br>حرف ’م‘ کی آدھی شکل پہچان سکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں کو ’حروف تہجی اردو کے‘ نظم سنائی جائے گی اور ’ا سے لے کر ل‘ تک کا درست تلفظ، صوتی آواز اور اشیاء پوچھی جائیں گی۔ | 5 منٹ | فلیش کارڈ | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا حرف ’م‘ کی پہچان، آواز اور اُس سے شروع ہونے والے الفاظ اور آدھی شکل کی نشاندہی کرنے پر۔ |
| | **تعارف:**<br>معلّمہ ہاتھ میں حرف ’م‘ کا Puppet Stick Card لے کر کمرہ جماعت میں داخل ہوگی۔ اور بچوں کو السلام وعلیکم کہہ کر ’م‘ کا تعارف کروائے گی۔ میں حرف ’م‘ ہوں۔ دوسرے حروف کے ساتھ ملنے سے میری بناوٹ تبدیل ہوجاتی ہے۔ اور حرف ’م‘ کی آدھی شکل Puppet Stick Card کے ذریعے دکھائی جائیں گی۔ بچوں کو بتایا جائے گا کہ ’م‘ حروف تہجی کا بتیسواں حرف ہے۔ اس کی صوتی آواز بتائی جائے گی۔ بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم حرف ’م‘ درست تلفظ سے بولنا سیکھیں گے اور حرف ’م‘ کے ذخیرہ الفاظ مسجد، مکھی، مکڑی، مینڈک، ماچس، مکھن، موم بتی اور مرغی کے بارے میں جانیں گے۔ تختہ سفید اور سیاہ پر لکیر کھینچ کر بچوں کو م کی پوری اور آدھی شکل لکھنے کا طریقہ بتایا جائے گا کہ میرا سر موٹا ہوتا ہے۔ سر سے لکیر کو کھینچ کر نیچے لائیں تو م بن جاتا ہے۔ بچوں کو بلا کر تختہ سفید سیاہ پر حرف ’م‘ لکھنے کو کہا جائے گا۔ | 10 منٹ | Puppet Stick card | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو کتاب صفحہ نمبر 68 کھولنے کو کہا جائے گا۔ بچوں سے کہا جائے گا کہ حرف ’م‘ پر انگلی پھیریے اور اس کی آدھی شکل پر پینسل پھیریے۔ حرف ’م‘ سے شروع ہونے والے الفاظ بتائے جائیں گے۔ اور آواز کی بار بار دہرائی کروائی جائے گی۔ مثال کے طور پر م۔ مسجد، م۔ مکڑی۔ بچوں کو ورک شیٹ دی جائے گی۔ جس میں وہ مچھلی میں کاغذ کے ٹکڑے چسپاں کریں گے اور م کی پوری اور آدھی شکل میں پینسل پھیریں گے۔ | 20 منٹ | کتاب صفحہ نمبر 68<br>ورک شیٹ | |
| | **اختتامیہ:** بچوں سے ’م‘ کی صوتی آواز اور اشیاء پوچھیں جائیں گی۔ | 5 منٹ | | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | نرسری | موضوع: | حرف 'م' | دن: | دوسرا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ۔<br>حرف 'م' کا درست تلفظ پہچان سکیں۔<br>درست ساخت بناوٹ سے 'م' لکھ سکیں۔<br>حرف 'م' سے شروع ہونے والے الفاظ پہچان سکیں۔<br>حرف 'م' کی آدھی شکل پہچان سکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں کو ''حروف تہجی اردو کے'' نظم سنائی جائے گی بچوں کو 'م' کی پوری اور آدھی شکل کا فلیش کارڈ دکھا کر اس کا تلفظ صوتی آواز اور اشیاء کے نام پوچھے جائیں گے۔<br>**تعارف:**<br>بچوں کو 'م' کے ذخیرہ الفاظ کی فلیش کارڈ/ پی پی ٹی کے ذریعے دہرائی کروائی جائے گی۔ بچوں کو مسجد کا فلیش کارڈ دکھایا جائے گا اور پوچھا جائے گا کہ کیا جگہ ہے؟ ہم یہاں کیوں جاتے ہیں۔ بچوں سے پوچھا جائے گا کہ کون کون اپنے ابو یا بھائی کے ساتھ مسجد میں نماز پڑھنے جاتا ہے بچوں کو بتائیں دن میں پانچ نمازیں فرض ہیں اور اللہ تعالیٰ نے مردوں کو مسجد میں جا کر نماز پڑھنے کا حکم دیا ہے۔ بچوں سے ہوا یا جلد پر انگلیوں کی مدد سے حرف 'م' کی آدھی اور پوری شکل بنوایئے اور بار بار دہرائی کروایئے۔<br>**مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو ایک چارٹ پیپر دیں جس پر حروف تہجی کی پوری اشکال 'ا سے لے کر م' تک لکھیں ہوں۔ اب اس کے ساتھ بچوں کو کاغذ کے گلاس دیں جس کی پچھلی طرف ا سے م تک آدھی اشکال لکھی ہوں اب بچوں کو کہیے کہ معلّمہ جونسا حرف بولیں کی وہ اُس کی آدھی شکل ڈھونڈ کر کلاس کو چارٹ پیپر پر اُس کی پوری شکل پر رکھیں گے۔<br>بچوں کو ورک شیٹ دی جائے گی جس میں وہ مرغی میں رنگ بھریں گے اور 'م' کی پوری شکل پر پینسل پھیریں گے۔<br>**اختتامیہ:**<br>بچوں سے چھوٹے سفید بورڈ پر 'م' کی پوری اور آدھی شکل لکھنے کو کہا جائے گا۔ | 5 منٹ<br>10 منٹ<br>20 منٹ<br>5 منٹ | فلیش کارد<br>حروف تہجی<br>چارٹ پیپر کاغذ کے گلاس آدھی اشکال کے ساتھ ا سے لے کر م تک | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا حرف 'م' کی پہچان، آواز اور اُس سے شروع ہونے والے الفاظ اور آدھی شکل کی نشاندہی کرنے پر۔ |

| مضمون: | اردو | جماعت: | نرسری | موضوع: | حرف 'م' | دن: | تیسرا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ۔<br>حرف 'م' کا درست تلفظ پہچان سکیں۔<br>درست ساخت بناوٹ سے 'م' لکھ سکیں۔<br>حرف 'م' سے شروع ہونے والے الفاظ پہچان سکیں۔<br>حرف 'م' کی آدھی شکل پہچان سکیں۔ | **دہرائی:**<br>حرف 'م' کی پوری اور آدھی شکل فلیش کارڈ کے ذریعے دکھا کر اس کے نام اور آواز کی دہرائی کروائی جائے گی۔ | 5 منٹ | فلیش کارڈ | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا حرف 'م' کی پہچان، آواز اور اُس سے شروع ہونے والے الفاظ اور آدھی شکل کی نشاندہی کرنے پر۔ |
| | **تعارف:**<br>بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم 'م' سے ماچس کے بارے میں بات کریں گے۔ بچوں کو ماچس دکھائی جائے گی اور اُن سے پوچھا جائے گا کہ یہ کس کس نے پہلی دیکھی ہے۔ بچوں سے پوچھا جائے گا کہ انہوں نے کہاں دیکھی ہے؟ یہ کس کام آتی ہے؟ بچوں کو بتایا جائے گا کہ بچوں کے لیے خطرناک ہوتی ہے اس لیے بچوں کو اس کو پکڑنا نہیں چاہیے بچوں کو کہیے کہ آپ کی نقل کرتے ہوئے انگلیوں سے ہوا میں حرف 'م' بنائیے اور یہ عمل تین سے چار بار دہرائیں۔ | 10 منٹ | ماچس | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>پانچ پانچ بچوں کو گروپوں کے لیے میز پر رنگ پانی اور چارٹ پیپر رکھ دیجیے۔ اب بچوں سے کہیے کہ اپنی انگلیاں کسی بھی پینٹ میں ڈبوئیں اور حرف 'م' کی پوری اور آدھی شکل لکھیں۔ ٹیچر یہ حرف بورڈ پر لکھے اور بچے اُن کی نقل کرتے ہوئے چارٹ پیپر پر لکھیں۔ ورک شیٹ میں 'م' سے شروع ہونے والے جانوروں میں رنگ بھریں۔ اور 'م' کی آدھی شکل میں پینسل پھیریں۔ | 20 منٹ | رنگ، پانی، چارٹ پیپر | |
| | **اختتامیہ:**<br>م کی صوتی آواز اور اشیاء کے نام پوچھے جائیں گے۔<br>**گھر کا کام:**<br>م کی پوری اور آدھی شکل کے گرد دائرہ لگائیں اور 'م' کی پوری اور آدھی شکل میں پینسل پھیریں۔ | 5 منٹ | ورک شیٹ | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | نرسری | موضوع: | حرف 'م' | دن: | چوتھا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ۔<br>حرف 'م' کا درست تلفظ پہچان سکیں۔<br>درست ساخت بناوٹ سے 'م' لکھ سکیں۔<br>حرف 'م' سے شروع ہونے والے الفاظ پہچان سکیں۔<br>حرف 'م' کی آدھی شکل پہچان سکیں۔ | **دہرائی:**<br>حرف 'م' کی پوری اور آدھی شکل دکھائی جائے گی ۔اس کا تلفظ اور آواز کی دہرائی کروائی جائے گی ۔<br>**تعارف:**<br>بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم 'م' کے مزید الفاظ کے بارے میں جانیں گے۔ بچوں کو ماچس، مکھن، موم بتی اور کھلونا مرغی دکھائی جائے گی ۔ان کے نام بتائے جائیں گے اور بچوں سے 'م' کی صوتی آواز پوچھی جائے گی۔<br>**مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو 'م' کی اشیاء کھلونا مچھلی، مرغی، مینڈک، مکڑی، موم بتی، مٹر، ماچس سے بھرا ہوا تھیلا دیں۔ بچوں کو دائرہ کی شکل میں بٹھایئے اور اُن کو کہیں کہ جب معلّمہ کہیں گی تو آپ گیم شروع کریں گے تھیلے میں ایک چیز نکالیں گے اور اُس کا نام بتا کر تھیلا اگلے کو دے دیں گے۔<br>بچوں کو کتاب صفحہ نمبر 69 کھولنے کو کہا جائے گا دی گئی تصاویر کے نام پوچھے جائیں گے بچوں سے پوچھا جائے گا کہ آپ کون سا حرف سیکھ رہے ہیں۔ بتایئے۔ بچوں کو کہا جائے گا کہ حرف 'م' کو اس سے شروع ہونے والے الفاظ سے ملایئے۔ نیچے دی گئی 'م' کی پوری اور آدھی شکل پر درست بناوٹ کے ساتھ پینسل پھیرنے اور لکھنے کو کہا جائے گا۔<br>**اختتامیہ:**<br>تختہ سفید/سیاہ پر لکیر کھینچ کر 'م' کی پوری اور آدھی شکل لکھنے کی مشق کروائی جائے گی۔ | 5 منٹ<br><br>10 منٹ<br><br>20 منٹ<br><br>5 منٹ | فلیش کارڈ<br><br>ماچس، مکھن، موم بتی، مرغی کھلونا<br><br>م کی اشیاء کا تھیلا<br><br>کتاب صفحہ نمبر 69 | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا حرف 'م' کی پہچان، آواز اور اُس سے شروع ہونے والے الفاظ اور آدھی شکل کی نشاندہی کرنے پر۔ |

| مضمون: | اردو | جماعت: | نرسری | موضوع: | حرف ‘م’ | دن: | پانچواں |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ۔<br>حرف ‘م’ کا درست تلفظ پہچان سکیں۔<br>درست ساخت بناوٹ سے ‘م’ لکھ سکیں۔<br>حرف ‘م’ سے شروع ہونے والے الفاظ پہچان سکیں۔<br>حرف ‘م’ کی آدھی شکل پہچان سکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں کو ‘م’ کے تمام فلیش کارڈ دکھا کر ان کی آواز اور اشیاء کے نام پوچھے جائیں گے۔<br>**تعارف:**<br>بچوں کو مکھی اور مکڑی دکھا کر ان کے نام بتائے جائیں گے۔بچوں کو بتایا جائے کہ ان دونوں کو حشرات کہتے ہیں۔بچوں کو بتایا جائے گا کہ مکھی اور مکڑی ہمیں اکثر اپنے گھروں میں نظر آتی ہیں۔مکھیاں زیادہ تر گھروں کے صحن میں ہوتی ہیں۔اور مکڑیاں جالے بنا کر رہتی ہیں بچوں سے پوچھا جائے گا کہ کیا انہوں نے مکڑی اور مکھیاں دیکھیں ہیں؟ کہاں دیکھی ہیں۔ بچوں کو بتائیے کہ مکھیاں گندگی پر بیٹھتی ہیں جس کی وجہ سے ان کے ساتھ جراثیم لگے ہوتے ہیں۔اُن کو کہیے کہ اپنے کھانے پینے کی چیزوں کو مکھیوں سے بچا کر رکھیں تا کہ بیماریوں سے محفوظ رہ سکیں۔<br>بچوں کو Sand Tray دے کر حرف ‘م’ کی پوری اور آدھی شکل کی مشق کروائی جائے گی۔<br>**مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں سے کاپی میں حرف ‘م’ کی پوری اور آدھی شکل لکھنے کو کہا جائے گا۔ ہر بچے کی انفرادی طور پر نگرانی کی جائے گی۔تا کہ وہ مقررہ وقت میں اپنا کام مکمل کر سکے۔<br>**اختتامیہ:**<br>بچوں سے پوچھے کہ وہ حرف ‘م’ سے شروع ہونے والے جانوروں کے نام اور اُس کی صوتی آواز بتائیے۔<br>**گھر کا کام:**<br>کاپی میں حرف ‘م’ کی پوری اور آدھی شکل لکھیں۔ | 3 منٹ<br>5 منٹ<br>30 منٹ<br>2 منٹ | فلیش کارڈ<br>Sand Tray<br>کاپی ورک | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا حرف ‘م’ کی پہچان ، آواز اور اُس سے شروع ہونے والے الفاظ اور آدھی شکل کی نشاندہی کرنے پر۔ |